مطبوعات

VOICE of Islam جمعیتہ الفلاح کراچی کا آرگن۔ بادارت محمد فضل الرحمٰن انصاری چندہ سالانہ دس روپے۔

انگریزی زبان کا یہ شاندار ماہنامہ جمعیت الفلاح کے گوناگوں تہذیبی، معاشرتی، علمی اور تبلیغی مقاصد کا خادم ہونے کے ساتھ ساتھ اسلامی فکر کے احیاء کا علمبردار بن کر نمودار ہوا ہے۔ موجودہ تمدن فاسد کی حقیقت کو واضح کر کے اس کی مرعوبیت و تقلید سے نوجوانوں کو نکالنا اور جدید نظریات کے مقابلے میں زندگی کے ہر اجتماعی مسئلے پر اسلامی نظریات کی برتری کو نمایاں کرنا اس کے اولین مقاصد میں سے ہے۔ اب تک دو نمبروں میں چوٹی کے اہل قلم کے جو مقالات پیش کیے گئے ہیں وہ بڑے امید افزا ہیں۔ مختلف الخیال اہلِ قلم کی تحریروں کے تنوع کے باوجود بہ حیثیت مجموعی اسلام کا صحیح سماجی تصور نمایاں طور پر جھلکتا ہے۔ ظاہری محاسن کا معیار اتنا بلند ہے، جتنا کہ بحالات موجودہ ممکن تھا۔ ہم صدق دل سے اس جریدے کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

ALQAMAR جاری کردہ شیخ عبداللطیف صاحب۔ مقام اشاعت:۔ لائن پریس لاہور۔ چندہ سالانہ للعہ فی پرچہ ۶ر

یہ ایک اور چھوٹا سا انگریزی ماہنامہ ہے جو اچھے خیالات کے ساتھ نمودار ہوا ہے۔ پاکستان اسلامی ریاست بننے کے لیے جس رفتار سے ارتقاء کر رہا ہے بہ عین اُس کا تقاضا ہے کہ اس طرح کے جریدے اُبھریں اور مستقبل کی ضروریات پوری کرنے کے لیے اپنے آپ کو مضبوط طاقت بنائیں۔ ہم نے اس جریدے کے تین چار نمبر دیکھے ہیں اور ہر نمبر میں صحیح اسلامی طرز فکر کو نمایاں پایا ہے۔ اس وقت جو تازہ شمارہ سامنے ہے اس کے اداریہ میں مسلمان نوجوانوں کو اسلام کے بارے میں انتشار سے نکالنے کے لیے پانچ نکات کا ایک جامع فارمولا پیش کیا گیا ہے۔ یہ ریاضیاتی مزاج کا فارمولا صحیح نقطۂ نظر کو بنانے میں نہایت مفید ثابت ہو سکتا ہے

"دی ہینینگ آف دی قرآن" کے مستقل باب میں قرآن کا انگریزی ترجمہ قریب قریب تفہیم القرآن کے خطوط پر پیش کیا گیا ہے۔ توقع کی جاسکتی ہے کہ قرآن کے مروجہ انگریزی ترجموں میں جو بنیادی کوتاہیاں پائی جاتی ہیں اُن کا ازالہ اس کوشش سے ہو جائے گا بشرطیکہ یہ ہمت آزما کام جاری رکھا جائے۔ پھر نبی صلعم کی چند مختصر احادیث کا ترجمہ سامنے آتا ہے پھر دو مقالات شریک ہیں اور دونوں بامقصد ہیں۔ سوالات و جوابات کا صفحہ بہت دلچسپ اور مفید معلوم ہوتا ہے۔

ہر اشاعت میں چند صفحات اردو تحریروں کے لیے بھی وقف ہیں۔ یہ جدت ہے تو مفید، مگر دو باتیں قابلِ غور ہیں۔ ایک یہ کہ مختصر سی ضخامت کے جریدے کو دو حصوں میں تقسیم کرنے سے نہ ایک کے تقاضے پورے ہو سکتے ہیں نہ دوسرے کے۔ دوسرے یہ کہ انگریزی خواں طبقے اور اردو داں طبقے کے ذوق بالکل جداگانہ ہیں، ان دونوں کے تقاضوں کو ایک ہی جریدے میں پورا کرنا آسان کام نہیں ہے۔ بہرحال ہم اس کوشش کو قابلِ قدر سمجھتے ہیں۔

مکاتیب حضرت مولانا شاہ محمد الیاسؒ | مرتبہ: جناب مولانا سید ابوالحسن صاحب ندوی۔ ناشر: کتب خانہ انجمن ترقی اردو۔ جامع مسجد۔ دہلی ۶۔ قیمت مجلد ۸؍ غیر مجلد ۳؍۔

یہ مجموعہ ہے مولانا محمد الیاس مرحوم کے بعض مکاتیب کا جو مرحوم نے اپنے رفقاء اور دوستوں کے نام وقتاً فوقتاً لکھے۔ ان خطوط میں مولانا کی فکر بھی جھلکتی ہے اور دردمندانہ اسلامی جذبات بھی۔ ہماری رائے میں ان خطوط میں احادیث کے بڑے قیمتی پہلو موجود ہیں اور ان سے علماء اور عوام کو استفادہ کرنا چاہیے۔

رسید کتب

(۱) **اسلامی زندگی** | مرتبہ مولانا احتشام الحق صاحب کاندھلوی۔ شائع کردہ انجمن ترقی اردو جامع مسجد دہلی قیمت ۱۲؍

(۲) **رہنمائے قاعدہ** | مؤلفہ جناب سلیم عبداللہ صاحب۔ شائع کردہ۔ اردو اکیڈمی سندھ (کراچی) قیمت ۵؍

(۳) **اردو زبان کا قاعدہ** | مولفہ سید مصطفیٰ حسین صاحب نقوی۔ مطبوعہ لاہور آرٹ پریس قیمت ۲؍

(۴) **مدینۃ النبی کی آخری رات** | شائع کردہ مجلس سیرت المبلغین۔ بلاقیمت۔

(۵) **ماہنامہ "زمانہ"** | نوخواندہ بالغوں کے لیے محکمہ تعلیمات پنجاب کا جریدہ۔ چندہ سالانہ چھ روپے۔ فی پرچہ ۸؍